# فَعِلْ مُضَارِعٌ

Present/Future Tens

زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین اقسام ہیں۔ Verb is of three kinds regarding tenses.

**ماضِ - حال - مستقبل**

**فعل کی بنیادی اقسام:** عربی گرائمر میں فعل کی دو بنیادی اقسام ہیں - In Arabic there are two basic kinds of verb.

فعل

فعل ماضِ (Past Tens) — فعل مضارع (Present/Future Tens)

**فعل ماضِ:** وہ فعل جو کسی ایسے کام کیلئے استعمال ہو رہا ہو جو گزرے زمانے میں ہو چکا ہے، عربی زبان کی گرائمر کی اصطلاح میں اسے فعل ماضی کہتے ہیں۔

The Past tense: فعل ماضِ conveys a complete action. It is also referred to as perfect tense. The verb used for an action which has already taken place in a time which has passed. In Arabic grammar it is called فعل ماضِ

ذَھَبَ (وہ گیا) — He went.

ذَھَبَ حَامِدٌ (حامد گیا) — Haamid went.

**فعل مضارع:** جو کام ابھی ہو رہا ہے یا کچھ دیر بعد ہونے والا ہے۔یعنی زمانہ حال یا مستقبل میں کام کے ہونے والے لفظ کو " **فعل مضارع** " کہتے ہیں۔ فعل مضارع میں کام ابھی پورا نہیں ہوا ہوتا، ہو رہا ہوتا ہے یا ہونا ہوتا ہے۔کام مکمل نہیں ہوا ہوتا۔

The Present / Future tense: فعل مضارع conveys an incomplete action. The action can be on-going in the present or it can be a future action. It is also referred to as imperfect tense.

یَذْھَبُ (وہ جاتا ہے یا وہ جائے گا) — He goes. / He will go.

یَذْھَبُ حَامِدٌ (حامد جاتا ہے یا جائے گا) — Haamid goes. / Haamid will go.


© copy rights reserved

مضارع کا مادہ ہے (ض ر ع) لفظ ضَرْعٌ سے بنا ہے اس کا معنی "شاخ" ہے۔ اس لیے فعل مضارع اس فعل کو کہتے ہیں جس میں سے دو شاخیں نکل رہی ہیں۔ ایک شاخ زمانہ حال کی طرف جارہی ہے اور دوسری شاخ زمانہ مستقبل کی طرف جارہی ہے۔

The root of مضارع is (ض ر ع) and has come from ضَرْعٌ which means 'a branch'. So فعل مضارع is a verb which has two branches, one goes to present and the other to future.

**فعل مضارع علامات: علامات مضارع چار ہیں۔ ي ، ت ، أ ، ن**

The Signs (علامات) of مضارع :A letter,called (علامات مضارع) or (علامات مضارع)particle of mudari is prefixed to the verb. It can be one of the four letters. ي ، ت ، أ ، ن.

فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں ان چار علامت میں سے کوئی حرف ہوگا۔

Any one of these four letters will be there in the beginning of the fourteen forms of فعل مضارع.

## فعل مضارع بنانے کا طریقہ: The formation of فعل مضارع :

فعل ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کا پہلا حرف (فاء کلمہ) ساکن کرکے اس کے شروع میں علامات مضارع میں سے ایک علامت لگائی جاتی ہے۔ اور آخری حرف (لام کلمة) پر "ضَمَّة" لگادیا جاتا ہے۔

The first letter (فاء كلمة) of third person masculine singular form (واحد مذكر غائب)of the past tense (فعل ماضى) is made ساكن . One of the signs of مضرع is attached in the beginning. The last letter (لام كلمة) is given a damma.

كَتَبَ ← يَكْتُبُ

علامات مضارع ي Particle of *mudari*.


© copy rights reserved

# فعل مضارع کی اعرابی حالتیں

The E'raabcases of فعل مضارع

آپ پڑھ چکے ہیں افعال میں سے فعل ماضی اور فعل امر مبنی الاصل ہوتے ہیں یعنی دونوں افعال میں اعرابی تبدیلی نہیں ہوتی لیکن اس کے برعکس فعل مضارع معرب ہے۔ جس طرح کسی عامل کے آجانے سے اسم کی اعرابی حالت بدل جاتی ہے اسی طرح فعل مضارع سے پہلے بھی کسی عامل کے آنے سے اعرابی حالت بدل جاتی ہے۔

The E'raabcases of فعل مضارع : We have already learnt that فعل ماضی and فعل امر are مبنی الاصل. It means there is no change of e'raab in both of them. As against this, فعل مضارع is معرب. As the occurrence of a governing agent brings about a change of e'raab in an اسم,it does the same to a فعل مضارع.

**اسم کا اعراب:** اسم کی اصل حالت رفع ہے مگر اسم سے پہلے اگر کوئی عامل حرف یا کوئی اور عامل آجائے تو اسم اپنی اصلی حالت سے تبدیل ہو کر نصبی یا جری حالت میں بدل جاتا ہے۔

E'raab of an اسم: An اسم originally has a رفع but the occurrence of a governing agent before an ism changes it to نصب or جر.

**اسم کی اعرابی حالتیں:** مرفوع ، منصوب ، مجرور

The e'raab cases of an ism are three: nominative, accusative, genitive.

**فعل مضارع کی اعرابی حالتیں:** اسم کی طرح فعل مضارع کی بھی اصلی حالت مرفوع ہے مگر کچھ حروف ہیں جو فعل مضارع سے پہلے آکر اس کا اعراب بدل دیتے ہیں۔

The e'raab cases of فعل مضارع: Like ism the original case of فعل مضارع is مرفوع but some letters,when they occur before it, change it to منصوب or مجزوم

مرفوع ، منصوب ، مجزوم

**نوٹ:** یاد رہے اسم میں حالت جزم نہیں ہوتی اور فعل میں حالت جر نہیں ہوتی۔

Point to remember: An ism does not have جزم case and a fail is never in a جر case.


© copy rights reserved

## فعل مضارع میں تبدیلی کی دو صورتیں ہیں

There are two types of changes in فعل مضارع:

1 : معنوی تبدیلی 2: لفظی اور معنوی تبدیلی

1: **معنوی تبدیلی:** سے مراد کچھ حروف جن کی وجہ سے صرف معنی میں تبدیلی واقع ہوتی ہے اور فعل اپنی اصلی حالت رفع پر برقرار رہتا ہے۔یعنی فعل مضارع اعراب نہیں بدلتا مرفوع ہی رہتا ہے۔ مگراُن حروف کی وجہ سے معنی میں تبدیلی آجاتی ہے۔

Change in meanings: Because of some particles, there is a change only in the meaning and the فعل retains its original e'raab of رفع. فعل مضارع remains مرفوع. The particle causes a change in its meaning.

2: **لفظی اور معنوی تبدیلی:** Change in e'raab and meaning

کچھ حروف جن کی وجہ سے فعل مضارع میں لفظی اور معنوی دونوں طرح کی تبدیلی آتی ہے۔لفظی تبدیلی سے مراد فعل حالت نصب یاحالت جزم میں تبدیل ہوجاتا ہے اور معنی بھی تبدیل ہوجاتا ہے۔

Some particles cause a change in both e'raab and meaning.

**مضارع میں نفی کا معنی:** فعل مضارع سے پہلے حرف نفی "لَا" لگانے سے مضارع میں نفی کا معنی پیدا ہوجاتا ہے۔

The Negation in فعل مضارع : The use of "لَا" before فعل مضارع makes it negative.

يَعْلَمُ (وہ جانتا ہے) — He knows.

لَا يَعْلَمُ (وہ نہیں جانتا ہے) — He does not know.

ي: چار صیغوں سے پہلے آتی ہے۔(تین مذکر غائب اور ایک جمع مونث غائب)

ي: occurs before Four forms (صیغہ). Three masculine third person and one feminine plural third person.

ت: آٹھ صیغوں سے پہلے آتی ہے۔(دو واحد و تثنیہ مونث غائب، چھ مذکر و مونث حاضر)

ت : comes before Eight forms. Two feminine singular and dual third person and Six masculine and feminine second person.

ا : ایک صیغے سے پہلے آتا ہے۔(واحد متکلم)

ا : comes before One form. Singular first person.

ن: ایک صیغہ کے پہلے آتا ہے۔(جمع متکلم)


© copy rights reserved

نُ : occurs before One form. Plural first person.

**نوٹ:** مضارع کے چودہ صیغوں میں سے چار صیغے مشترک ہیں۔ سیاق سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشترک صیغے کس کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔

**Note**: Out of fourteen forms of مضارع four are common. We know from the context which person it exactly denotes.

فعل مضارع کے پانچ صیغوں میں فاعل مستتر ہوتا ہے اور باقی نو صیغوں میں فاعل ضمیر بارز ہوتی ہے۔ نیچے دیئے گئے چارٹ پر غور کیجیے۔

Five forms of فعل مضارع have a hidden فاعل (مستتر). In remaining nine forms فاعل is visible (بارز). Read the chart given below carefully.


© copy rights reserved

| منفصل ضمائر | فعل ماضی | فاعل | فعل مضارع | فاعل |
|---|---|---|---|---|
| هُوَ | ذَهَبَ (وہ گیا)<br>He went. | مُسْتَتِرٌ (هُوَ) | يَذْهَبُ (وہ جاتا ہے/جائے گا)<br>He's going/he'll go.(m) | مُسْتَتِرٌ (هُوَ) |
| هُمَا | ذَهَبَا (وہ دو گئے)<br>They 2 went. | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) | يَذْهَبَانِ (وہ دو جاتے ہیں/جائیں گے)<br>They're going/they'll go.(m) | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) |
| هُمْ | ذَهَبُوْا (وہ سب گئے)<br>They all went. | واوُالجَماعَةِ(و) | يَذْهَبُوْنَ (وہ سب جاتے ہیں/جائیں گے)<br>They're going/they'll go.(m) | واوُالجَماعَةِ(و) |
| هِيَ | ذَهَبَتْ (وہ گئی)<br>She went. | مُسْتَتِرٌ (هِيَ) | تَذْهَبُ (وہ جاتی ہے/جائے گی)<br>She's going/he'll go.(f) | مُسْتَتِرٌ (هِيَ) |
| هُمَا | ذَهَبَتَا (وہ دو گئیں)<br>They 2 went. | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) | تَذْهَبَانِ (وہ دو جاتی ہیں/جائیں گیں)<br>They're going/they'll go.(f) | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) |
| هُنَّ | ذَهَبْنَ (وہ سب گئیں)<br>They all went. | نُونُ النِّسْوَةِ(نَ) | يَذْهَبْنَ (وہ سب جاتی ہیں/جائیں گیں)<br>They're going/they'll go.(f) | نُونُ النِّسْوَةِ(نَ) |
| أَنْتَ | ذَهَبْتَ (تم گئے)<br>You (m) went. | تَ | تَذْهَبُ (تم جاتے ہو/جاؤ گے)<br>You're going/you'll go.(m) | مُسْتَتِرٌ (أَنْتَ) |
| أَنْتُمَا | ذَهَبْتُمَا (تم دو گئے)<br>You 2(m) went. | تُمَا | تَذْهَبَانِ (تم دو جاتے ہو/جاؤ گے)<br>You're going/you'll go.(m) | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) |
| أَنْتُمْ | ذَهَبْتُمْ (وہ سب گئے)<br>You all (m) went. | تُمْ | تَذْهَبُوْنَ (تم سب جاتے ہو/جاؤ گے)<br>You're going/you'll go.(m) | واوُالجَماعَةِ(و) |
| أَنْتِ | ذَهَبْتِ (تم گئی)<br>You (f) went. | تِ | تَذْهَبِيْنَ (تم جاتی ہو/جاؤ گی)<br>You're going/you'll go.(f) | ضمير(ي) |
| أَنْتُمَا | ذَهَبْتُمَا (تم دو گئیں)<br>You 2(f) went. | تُمَا | تَذْهَبَانِ (تم دو جاتی ہو/جاؤ گی)<br>You're going/you'll go.(f) | أَلِفُ المُثَنَّى(ا) |
| أَنْتُنَّ | ذَهَبْتُنَّ (تم سب گئیں)<br>You all (f) went. | تُنَّ | تَذْهَبْنَ (تم سب جاتی ہو/جاؤ گی)<br>You're going/you'll go.(f) | نُونُ النِّسْوَةِ(نَ) |
| أَنَا | ذَهَبْتُ (میں گئی/گیا)<br>I (m/f) went. | تُ | اَذْهَبُ (میں جاتی/جاتا ہوں/جاؤں گی/گا)<br>I am going/I'll go.(m/f) | مُسْتَتِرٌ(أَنَا) |
| نَحْنُ | ذَهَبْنَا (ہم گئے/گئیں)<br>We (m/f) went. | نَا | نَذْهَبُ (ہم جاتیں/جاتے ہیں/جائیں گی/گے)<br>We're going/we'll go.(m/f) | مُسْتَتِرٌ (نَحْنُ) |


© copy rights reserved